فارسی خطوط و درخواستیں

فارسی خطوط

سوال: دوست کے نام فارسی میں خط لکھ کر اسے گرمیوں کی چھٹیاں اپنے ہاں گزارنے کی دعوت دیجئے۔

جواب:

سالن امتحان'
۲۱' اوت' ۲۰۱۷ - م۔

دوست بسیار عزیزم'

با سلام' امیدوارم که در پناه خداوند بزرگ و در کنار خانواده خوب و سلامت باشی۔ نامه ات هفته گذشته بدستم رسید و بسیار خوشحال شدم۔ از اینکه دوست خودت را همیشه در خاطر داری و فراموش نکردی متشکرم - من هم خیلی دوست دارم که شما را از نزدیك ملاقات کنم و خاطرات شیرین گذشته را زنده بسازیم - به همین دلیل تصمیم گرفتم که بوسیله این نامه از شما دعوت کنم تا تعطیلات تابستانی به لاهور بیایید - من به شما این شهر تاریخی نیز نشان خواهم داد۔ منتظر جواب نامه شما هستم۔ به همه افرادِ خانواده سلام برسانید۔

دوست شما
ا۔ ب۔ پ۔

(فارسی خط کا ترجمہ)

کمرہ امتحان،
۲۱ اگست ۲۰۱۷ ۔عیسوی۔

میرے پیارے دوست

السلام علیکم

مجھے امید ہے کہ آپ خداوند تعالیٰ کی پناہ میں اپنے خاندان کے ساتھ خیر و عافیت سے ہوں گے۔ آپ کا ارسال کردہ نوازش نامہ مجھے پچھلے ہفتے ملا اور میں بے حد خوش ہوا۔ اپنے دوست کو ہمیشہ یاد رکھنے اور فراموش نہ کرنے کا شکریہ۔ میرا بھی آپ سے ملنے اور ماضی کی شیریں یادیں دہرانے کو بہت جی چاہتا ہے۔ اسی لیے میں نے فیصلہ کیا ہے کہ اس خط کی ذریعے آپ کو دعوت دوں کہ آپ گرمیوں کی چھٹیوں میں میرے پاس لاہور آئیں۔ میں آپ کو یہ تاریخی شہر بھی دکھاؤں گا۔ مجھے آپ کے جواب کا انتظار رہے گا۔ سب گھر والوں کو میری طرف سے سلام عرض کریں۔

آپ کا دوست
ا۔ب۔پ۔

☆☆☆

سوال: اپنے والد کو امتحان میں کامیابی کی اطلاع کا خط فارسی زبان میں لکھئے اور نئے تعلیمی سال کے آغاز پر کتابیں خریدنے کے لیے پیسوں کا تقاضا کیجئے۔

(نامہ فارسی)

سالن امتحان،
٤ مارس، ٢٠١٧ - م۔

پدر عزیزم

باسلام و آرزوی سلامتی شما و همه افراد خانواده نامه ام را آغاز می کنم۔از اینکه خبر قبولی خود را در امتحانات دیپلم به شما می دهم بسیار خوشحالم ۔بالاخره زحمتهای من به نتیجه رسید و به فضل خداوند در امتحانات دیپلم با نمرات بسیار خوب قبول شدم۔ من مطمئن هستم که شما نیز ازاین موفقیت دلگرم می شوید۔

اکنون برای ثبت نام وخرید کتابهای درسی سالِ جدید احتیاج به پول دارم و از شما خواهش می کنم که این پول رابرایم بفرستید تا از دوستان خود عقب نمانم۔ به همه افراد خانواده سلام برسانید۔

فرزند شما
ا۔ب۔ پ۔

(فارسی خط کا ترجمہ)

کمرہ امتحان،
۴ مارچ، ۲۰۱۷ عیسوی۔

میرے پیارے ابا جان

السلام علیکم:

میں اپنے خط کا آغاز آپ اور تمام گھر والوں کی سلامتی کی دعا سے کرتا ہوں۔ مجھے آپ کو یہ خبر تحریر کرتے ہوئے بے حد خوشی ہو رہی ہے کہ میں ایف۔اے کے امتحان میں پاس ہو گیا ہوں۔ آخر کار مجھے میری کوششوں کا نتیجہ مل گیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں ایف اے کے امتحان میں بہت اچھے نمبروں سے پاس ہوا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ آپ کو بھی اس خبر سے بہت خوشی ہوگی۔
اب مجھے نئے سال میں داخلہ لینے کیلئے اور کتابیں خریدنے کیلئے کچھ پیسوں کی ضرورت ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ کچھ پیسے میرے لئے ارسال فرمائیں تاکہ میں اپنے دوستوں سے پیچھے نہ رہ جاؤں۔ امی جان اور سب گھر والوں کی خدمت میں سلام عرض کریں۔

آپ کا بیٹا
ا۔ب۔پ۔

سوال: اپنے چچا کو فارسی میں خط تحریر کیجئے جس میں تحفہ دینے پر ان کا شکریہ ادا کریں۔

(نامہ فارسی)

سالن امتحان،
٢٤ مه، ٢٠١٧ م۔

عموی بسیار عزیزم

باسلام،

امیدوارم شما و همه افراد خانواده خوب و تندرست باشید۔ من هم به شکر خدا خوب هستم۔ از دریافت هدیه شما که جهت قبولی من در امتحانات سال اول فرستادید بسیار خوشحال شدم۔ ساعت بسیار زیبایی است و من به آن احتیاج شدیدی داشتم و از طرف دیگر یادگاری شما محسوب می

شود۔ امیدوارم که خداوند سایه شما را همیشه برسر ماحفظ کند۔ از طرف من به زن عمو و بچه ها سلام فراوان برسانید۔

برادرزاده شما

ا۔ ب۔ پ۔

(فارسی خط کا ترجمہ)

کمرہ امتحان،

۲۴ مئی ۲۰۱۷ء عیسوی۔

میرے پیارے چچا جان

السلام علیکم!

مجھے امید ہے کہ آپ اور تمام گھر والے خیریت سے ہوں گے۔ اللہ کا شکر ہے کہ میں بھی ٹھیک ہوں۔ آپ کا تحفہ جو آپ نے میرے گیارہویں کے امتحان میں پاس ہونے پر بھیجا ہے اسے وصول کر کے میں بے حد خوش ہوا۔ یہ بہت ہے خوبصورت گھڑی ہے۔ مجھے اس کی شدید ضرورت تھی۔ یہ آپ کی یادگار کے طور پر میرے پاس رہے گی۔ مجھے امید ہے کہ خداوند تعالیٰ آپ کا سایہ ہمارے سروں پر ہمیشہ قائم رکھیں گے۔

میری طرف سے چچی جان اور بچوں کو بہت بہت سلام۔

آپ کا بھتیجا

ا۔ب۔پ۔

فارسی درخواستیں

سوال: پرنسپل کے نام فارسی میں بیماری کی درخواست تحریر کیجئے۔

(درخواستِ فارسی)

رئیس محترم دانشکده دولتی اسلامیه لاهور۔

با عرض سلام،

احتراماً عرض می کنم که بنده از دیشب سرما خورده ام و تب شدید نیز دارم۔ به علت بیماری نمی توانم به دانشکده بیایم۔پیش دکتر هم رفتم و دکتر به من مشورت داد که حداقل دو روز استراحت کنم۔ بنا بر این از جنابعالی تقاضا می کنم که به بنده دو روز (۱۴ و ۱۵ مه)مرخصی مرحمت بفرمایید۔ خیلی ممنون خواهم شد۔

باتشکر

شاگرد شما

ا۔ب۔پ۔

(درخواست کا اردو ترجمہ)

بخدمت جناب پرنسپل صاحب گورنمنٹ اسلامیہ کالج لاہور۔

جناب عالی

احترام کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ مجھے کل رات سے نزلہ ہو گیا ہے اور شدید بخار بھی ہے۔ بیماری کے باعث میں کالج نہیں آ سکتا۔ میں ڈاکٹر کے پاس بھی گیا ہوں اور ڈاکٹر نے مجھے آرام کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ اس لیے آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ بندہ کو دو یوم (۱۴

اور ۱۵ مئی) کی رخصت عنایت فرمائی جائے۔ آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔

آپ کا شاگرد

ا۔ب۔پ۔

سوال: میونسپل کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر کے نام فارسی میں ایک درخواست لکھئے۔ جس میں اپنے علاقے کی صفائی کی بری حالت کے بارے میں شکایت کیجئے۔

(درخواست فارسی)

شہر دار محترم، شہرداری لاہور۔

باعرض سلام،

احتراماً به اطلاع جنابعالی می رساند که وضعیت نظافت و بهداشت درمنطقه ۲ شهرداری (خیابان شاهجمال- لاهور) بسیار وخیم است و متأسفانه به علت عدم رعایت بهداشت و به خصوص امر زباله دچار با مشکلات هستیم- این امرباعث ایجاد بیماریهای گوناگون نیز خواهد شد- ازجنابعالی تقاضامی شود که در امر بهداشت این منطقه توجه مبذول فرمایید-

باتشکر

ا-ب- پ-

(آدرس)

(درخواست کا اردو ترجمہ)

بخدمت جناب ایڈمنسٹریٹر صاحب میونسپل کارپوریشن۔ لاہور۔

جناب عالی

مؤدبانہ گزارش ہے کہ شاہجمال روڈ پر حلقہ نمبر ۲ کے علاقے میں صحت اور صفائی کی حالت بہت مخدوش ہے۔ افسوس کی ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ صحت کے بنیادی اصولوں سے روگردانی اور بالخصوص کوڑے کی موجودگی کے باعث ہم مشکلات سے دچار ہیں اور یہ بات بیماریوں کے پھوٹ پڑنے کا باعث بنے گی۔ جناب عالی سے درخواست کی جاتی ہے کہ اس علاقے کی صحت اور صفائی کی طرف توجہ مبذول فرمائیں۔

العارض

ا۔ب۔پ۔

(ایڈریس)

سوال: پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست فارسی میں تحریر کریں۔

(درخواست فارسی)

رئیس محترم دانشکده دولتی، مولتان

باعرض سلام،

احتراماً به عرض جنابعالی می رسانم که پدر بنده در یك اداره خصوصی منشی است و ما پنج خواهر و برادر هستیم- به دلیل گرانی و مشکلات مالی پدر م نمی تواند شهریه سال جدید دانشکده را بپردازد- بنا بر این از شما استدعا دارم بنده را از پرداخت شهریه معاف بفرمایید-

باتشکر

شاگرد فرمانبردار شما

ا-ب-پ-

(درخواست کا اردو ترجمہ)

بخدمت جناب پرنسپل صاحب گورنمنٹ کالج ۔ملتان

جناب عالی

مؤدبانہ گزارش ہے کہ میرا والد ایک پرائیوٹ ادارے میں کلرک ہے اور ہم پانچ بہن بھائی ہیں۔ مہنگائی اور مالی مشکلات کے باعث میرا باپ کالج کے نئے تعلیمی سال کی فیس ادا نہیں کر سکتا۔ اس لیے آپ سے درخواست ہے کہ آپ میری فیس معاف فرمادیں۔شکریہ۔

آپ کا تابعدار شاگرد

ا-ب-پ-

......☆......

سوال: پرنسپل کے نام کالج چھوڑ کر جانے کا سرٹیفکیٹ جاری کرنے کی درخواست فارسی میں تحریر کیجئے۔

(درخواست فارسی)

رئیس محترم دانشکده اسلامیه دولتی، گوجرانواله

باعرض سلام،

احتراماً به عرض جنابعالی می رسانم که پدر بنده مسئول یك اداره دولتی است و او را از گوجرانواله به اسلام آباد منتقل کردند۔ به این دلیل من هم مجبورم با پدر و اعضای خانواده دیگر به اسلام آباد بروم و آنجا در دانشکده ای ثبت نام کنم۔از شما استدعا می کنم که لطفاً مدرك ترك دانشکده را برایم اجرا بفرمایید تا بتوانم در دانشکده اسلام آباد ثبت نام نمایم۔

باتشکر فراوان

شاگرد فرمانبردار شما

ا-ب-پ-

(درخواست کا اردو ترجمہ)

بخدمت جناب پرنسپل صاحب گورنمنٹ اسلامیہ کالج ۔گوجرانوالہ

جناب عالی

مؤدبانہ گزارش ہے کہ میرا والد ایک سرکاری محکمہ کا ڈائریکٹر ہے اور اس کا تبادلہ گوجرانوالہ سے اسلام آباد کر دیا گیا ہے۔اس لیے میں مجبور ہوں کہ اپنے والد اور دوسرے گھر والوں کے ساتھ اسلام
آباد جاؤں اور وہاں کسی کالج میں داخلہ لوں۔ براہ مہربانی میرے لیے کالج چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ جاری فرمائیں تاکہ میں اسلام آباد کے کالج میں داخلہ لے سکوں۔

بہت زیادہ شکریہ کے ساتھ

آپ کا تابعدار شاگرد

ا-ب-پ-

☆☆☆☆☆